## خواتین کا جلسہ عام پاکستان بھر کی مظلوم اور حقوق سے محروم خواتین کیلئے خوشگوار حیرت کا باعث ہوگا، الطاف حسین

## ایم کیوایم کی خواتین کا جلسہ پاکستان ہی نہیں دنیا کی تاریخ میں خواتین کا سب سے بڑا جلسہ ثابت ہوگا

## ایم کیوایم کا ایک دفعہ اقتدار آگیا تو ملک وعوام کی قسمت کے ساتھ ساتھ خواتین کی تابناک قسمت ہوجائے گی

## جلسہ گاہ باغ جناح میں جلسہ عام کے انتظامات اور تیاریاں دیکھنے کیلئے جمع ہونے والی خواتین کی ریلیوں کے ہزاروں شرکاء سے خطاب

لندن۔۔۔17،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے 19 فروری کو ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کی پیشگی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ جلسہ عام پاکستان بھر کی مظلوم اور حقوق سے محروم خواتین کیلئے خوشگوار حیرت کا نہ صرف باعث ہوگا بلکہ ان کے حقوق کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کی شب جلسہ گاہ باغ جناح میں جلسہ عام کے انتظامات اور تیاریوں کو دیکھنے کیلئے جمع ہونے والی خواتین اور بچوں کے ہزاروں کے اجتماع سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر خواتین نے جلسہ عام کے حوالے سے شہر بھر کی خواتین میں پائے جانے والے جوش وخروش کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور جناب الطاف حسین کو بھی جلسہ کی کامیابی کی پیشگی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں کہا کہ انشاء اللہ ایم کیوایم کی خواتین کا جلسہ پاکستان ہی نہیں دنیا کی تاریخ میں خواتین کا سب سے بڑا جلسہ ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم میں جب خواتین شامل ہوکر کام کرتی ہیں تو قدرتی طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے چہروں پر نور کی بارش ہونے لگتی ہے۔ انہوں نے خواتین کو تلقین کی کہ جلسہ والے دن نظم وضبط کا مظاہرہ کرنا ہے، وقت کا بہت خیال رکھنا ہے ہم چاہتے کہ دن کے اجالے اجالے میں جتنی جلدی ممکن ہو جلسہ پایہ تکمیل تک کامیابی سے پہنچے اور خواتین اپنے اپنے گھروں کو ایک نئے پیغام کے ساتھ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ پوری قوم کی مظلوم عورتوں کو اسی طرح خوشیاں دے، ان کے مسائل حل کرے، ایم کیوایم جو کہتی ہے وہ کرکے دکھاتی ہے ایم کیوایم کا ایک دفعہ اقتدار آگیا تو ملک وعوام کی قسمت کے ساتھ ساتھ خواتین کی تابناک قسمت ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی خواتین بازی لے گئیں، ایم کیوایم کی خواتین، مائیں بہنیں اتحاد کے ذریعے سب پر بھاری ہیں اور دشمنوں پر لرزہ طاری ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ خواتین کے تاریخ ساز جلسہ عام کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ بچوں کا جلسہ بھی ہوگا، ایم کیوایم کی حکومت آئے گی تو ہم لفظ اقلیت کا خاتمہ کردیں گے۔ انہوں نے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں تعاون کرنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، سیکٹرز، شعبہ جات، کے ٹی سی، اے پی ایم ایس او اور بزرگ ارکان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور صحافیوں، فوٹو گرافرز، کیمرہ مین حضرات سمیت ان کے دفاتر موجود ایسے افراد جو جلسہ کی کامیابی کیلئے اس کی نشریات اور جائز حصہ دے رہے ہیں دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ تو آج ہی ہوگیا ہے اور خواتین اپنے اپنے علاقوں میں جاکر دوبارہ خواتین کو جلسے میں شرکت کا پیغام دیں۔ انہوں نے پرمسرت الفاظ میں کہا کہ میرے دل سے دعا نکل رہی ہے کہ یہ خوشیاں اسی طرح آپ دیکھتے رہیں اور میرا دل بھی جھوم جھوم کر کہہ رہا ہے کہ ’جھوم جھوم کے ناچو آج گاؤ خوشی کے گیت ہو‘ تو اس موقع پر خواتین شرکاء نے بھی جناب الطاف حسین کی آواز کا بھرپور ساتھ دیا۔

## پاراچنار میں خودکش حملہ بدترین دہشت گردی ہے، الطاف حسین

لندن:۔۔۔17،فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کرم ایجنسی کے صدر مقام پاراچنار کے مین بازار میں ہونیوالے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس کے نتیجے میں درجنوں افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بعض انتہاء پسند دہشت گرد اسلام کا نام لیکر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے مساجد، امام بارگاہوں، بزرگان دین کے مزرات، اسکولوں، فوجی چھاؤنیوں، شاپنگ سینٹرز اور بازاروں میں دہشت گردی اور خودکش حملے کرکے معصوم وبے گناہ شہریوں، پاک فوج کے آفیسران، جوانوں اور پولیس ودیگر سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں کو درندگی کی بھینٹ چڑھا رہے ہیں اور اب تک ہزاروں افراد دہشت گردی کا نشانہ بنائے جاچکے ہیں جو انتہائی قابل مذمت ہے اور جس نے پوری دنیا میں اسلام کے امیج کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعہ کے روز پاراچنار کے مین بازار میں خودکش حملہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں ہلاک ہونے والے معصوم وبے گناہ افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور ہلاک شدگان کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ پاراچنار میں خودکش حملے کا نوٹس لیا جائے اور خودکش حملے میں ملوث اصل کرداروں دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

## 19 فروری کو باغ جناح میں ایم کیوایم کے تحت ہونے والا خواتین کا جلسہ عام دنیا میں سب سے بڑا اور منظّم سیاسی جلسہ ہوگا، نسرین جلیل، رضا ہارون

## جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد و منظّم ہوکر ملک بھر کی خواتین اپنا وجود منوارہی ہیں

## جلسہ عام کے دن کراچی میں ایم کیوایم کے دفاتر سے خصوصی بسیں چلائی جائیں گی

## باغ جناح میں جلسہ عام ''بااختیار عورت......مضبوط پاکستان'' کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے صحافیوں کو پریس بریفنگ

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے رابطہ کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ باغ جناح کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔17، فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور رضا ہارون نے کہا ہے کہ 19 جنوری کو باغ جناح میں ایم کیوایم کے تحت ہونے والا خواتین کا جلسہ عام ''بااختیار عورت......مضبوط پاکستان'' دنیا میں سب سے بڑا اور منظّم سیاسی جلسہ ہوگا، جلسہ عام میں خواتین کی تعداد کے باعث باغ جناح چھوٹا پڑ جائے گا اور اس کے باہر بھی جگہ نہیں بچے گی ۔انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرکے دنیا کو پیغام دیدیں کہ خواتین جاگ رہی ہیں اور جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ہیں ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کی شام باغ جناح میں صحافیوں کو جلسہ عام کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے پریس بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی ، رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین ، حق پرست اراکین قومی اور صوبائی اسمبلی کے علاوہ ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج و اراکین بھی موجود تھیں ۔محترمہ نسرین جلیل اور رضا ہارون نے خواتین کے جلسہ عام کے انتظامات کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ پنڈال میں اسٹیج کی تیاری آخری مراحل میں داخل ہے، خواتین کی سہولت کیلئے 100 سے زائد عارضی ٹوائلٹ بنائے گئے ہیں، مختلف اشیاء کے اسٹالز لگائے گئے ہیں، بچوں اور خواتین کیلئے پانی کا وافر مقدار میں انتظام ہے ۔انہوں نے کہا کہ جلسہ عام میں کراچی ،سندھ سے ہی نہیں بلکہ پورے پاکستان سے ایم کیوایم کی خواتین ذمہ داران بھی شرکت کررہی ہے، ایم کیوایم خواتین کا یہ پہلا جلسہ کرنے نہیں جارہی ہے اس سے قبل بھی ایم کیوایم ٹی گراؤنڈ اور نشتر پارک میں خواتین کے عظیم الشان جلسہ عام کا انعقاد کرچکی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کے حقوق اور تحفظ کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد و منظّم ہوکر ملک بھر کی خواتین اپنا وجود منوارہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کو باہنر اور بااختیار بنانا چاہتی ہیں کیونکہ خواتین ہمارے معاشرے کا بنیادی حصہ ہیں ۔انہوں نے بتایا کہ کراچی بھر سے خواتین کو جلسہ گاہ لانے کیلئے ایم کیوایم کے دفاتر سے 19 فروری کو خصوصی بسیں چلائی جائیں گی ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پہلے روز سے اس بات کو بنیاد بنایا ہے کہ حق پرستی کی اس تحریک میں خواتین کو ساتھ لے کر چلنا ہے، ایم کیوایم کے خلاف ریاستی آپریشن کے دوران اور نامساعد حالات میں بھی خواتین نے ساتھ نہیں چھوڑا اور ان کی قربانیاں تحریک کیلئے قیمتی اثاثہ ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اسمبلیوں میں حقوق نسواں بل پر آواز اٹھائی، خواتین کو ہر فورم پر متحد و منظّم رکھا اور انہیں فرسودہ رسومات کے چنگل سے آزادی دلانے کیلئے عملی جدوجہد کی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کی خواتین حقوق کے حوالے سے اگر کسی کی جانب دیکھتی ہے تو وہ شخصیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ 19 فروری کے دن ہر گھر سے خواتین جلسہ گاہ میں شرکت کریں گی اور اس دن مرد حضرات گھریلو ذمہ داریاں سنبھالیں گے ۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے خواتین کے حقوق کو پامال کیا ہوا ہے اور اب کوئی بھی بددار نظام خواتین کو ان کے بنیادی اور جائز حقوق سے محروم نہیں رکھ سکتا۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی کے ہمراہ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے باغ جناح کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔رابطہ کمیٹی کے اراکین باغ جناح میں خواتین کی سہولت کیلئے قائم کئے گئے اشیائے خورد و نوش کے مختلف اسٹالوں پر گئے اور پنڈال میں اسٹیج کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو ضروری ہدایات دیں ۔

## ایم کیوایم کے تحت ہونیوالے جلسہ عام کے سلسلے میں جلسہ گاہ جناح باغ میں جشن اور عید کا سماں

## خواتین اور فیملیوں کی ریلیوں کی شکل میں آمد کا سلسلہ سرشام ہی شروع ہوگیا جو رات گئے تک جاری رہا

## ٹولیوں کی شکل میں خواتین جلسہ گاہ میں داخل ہورہی تھیں، جو جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں نعرے بلند کرتی رہیں،

## ایسا محسوس ہوا کہ خواتین کا جلسہ آج ہی ہورہا ہے

کراچی۔۔۔17، فروری 2012ء

ایم کیوایم کے تحت 19 فروری اتوار کو ہونے والے جلسہ عام ''با اختیار عورت، مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں جلسہ گاہ باغ جناح میں جمعہ کی شب جشن اور عید کا سماں دیکھنے میں آیا۔ شام ہوتے ہی جلسہ گاہ میں مختلف علاقوں سے خواتین کی ریلیوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہوگیا جو رات گئے تک جاری رہا۔ خواتین ریلیوں میں شریک کاروں، سوزوکیوں، ٹرکوں ،بسوں، رکشوں دیگر گاڑیوں میں سوار تھیں اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ اس موقع پر وہ ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے بھی لگارہی تھیں۔ جلسہ گاہ میں فیملیوں کی بھی آمد کا سلسلہ جاری رہا جس کے باعث ایسا محسوس ہوا کہ جلسہ آج کے دن ہی ہورہا ہے۔ اس موقع پر خواتین کا جوش وخروش قابل دید تھا اور وہ جلسہ گام میں ٹولیوں کی شکل میں گھوم کر فلک شگاف نعرے بلند کرتی رہیں۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام 19 فروری اتوار کو باغ جناح میں ''با اختیار عورت، مضبوط پاکستان'' کے عنوان سے خواتین کا عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا

## جلسہ عام سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## شہر بھر میں جلسہ عام کے حوالے سے بھرپور گہما گہمی، خواتین میں زبردست جوش وخروش

## استقبالیہ کیمپوں پر خواتین کا ہجوم، ایم کیوایم کے پرچم، دوپٹہ اور مہندیاں خواتین میں تقسیم کی گئیں

کراچی۔۔۔17، فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 19 فروری بروز اتوار کو مزار قائد سے متصل باغ جناح میں ''با اختیار عورت، مضبوط پاکستان'' جلسہ عام منعقد ہوگا جس سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے اہم اور فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں خواتین میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے اور شہر بھر میں جلسہ عام کے حوالے سے بھرپور گہما گہمی دیکھنے میں آرہی ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم کے تمام سیکٹرز اور یونٹوں کی سطح پر استقبالیہ کیمپس قائم کئے گئے ہیں اور ان کیمپوں پر خواتین کارکنان کثیر تعداد میں موجود ہیں جبکہ علاقے کی خواتین بھی کیمپوں پر بڑی تعداد میں رابطہ کررہی ہیں۔ استقبالیہ کیمپوں میں خواتین میں مہندیاں، ایم کیوایم کے پرچم اور دوپٹہ تقسیم کئے جارہے ہیں اور خواتین کی چھوٹی بڑی ریلیاں نکالی جارہی ہیں جو مختلف علاقوں میں گھوم کر واپس استقبالیہ کیمپوں پر ہی اختتام پذیر ہورہی ہیں جبکہ ان میں بعض ریلیاں باغ جناح بھی پہنچیں۔ جلسہ عام کے سلسلے میں شہر بھر کو ایم کیوایم کے پرچموں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر سے سجادیا گیا ہے جبکہ شہر میں بڑی تعداد میں بینرز بھی لگائے گئے ہیں جن پر خیر مقدمی کلمات کے علاوہ تنظیمی اشعار اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اقوال زریں جلی حروف میں تحریر ہیں۔ اس سلسلے میں مختلف ایم کیوایم کے شعبہ جات کے زیراہتمام خواتین کی کارنر میٹنگیں منعقد کی جارہی ہیں جن میں خواتین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی اور جلسہ عام کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ ایم کیوایم کے زیراہتمام باغ جناح میں خواتین کے عظیم الشان جلسہ عام کے انعقاد پر خواتین نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 19 فروری کو باغ جناح میں ہونے والے جلسہ عام میں خواتین کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ثابت کردیگا کہ اب ملک بھر کے مظلوم عوام کی طرح خواتین بھی جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ومنظم ہیں ۔ان کا کہنا تھا کہ باغ جناح میں ہونے والا جلسہ عام خواتین کی تعداد کے لحاظ سے نہ صرف ملکی سطح پر بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی سب کیلئے خوشگوار حیرت کا باعث بنے گا اور اس دن ثابت ہوجائے گا کہ ایم کیوایم میں خواتین کی تعداد مرد کارکنان سے کم نہیں ہے۔

## قائدتحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے خواتین کے حقوق کے لئے ہرفورم پرآواز بلند کی ۔کشورزہرہ

## خواتین پر طالبان کے ظلم پر ماسوائے الطاف حسین پاکستان کے کسی لیڈر نے آواز بلند نہیں کی ۔ہیرسوہو

## قائدتحریک الطاف حسین نے آج کی عورت کوشعور دیا ہے۔زرین مجید

## مزارقائد پرمنعقد ہونے والا خواتین کا جلسہ پاکستان کی تاریخ میں خواتین کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا۔بلقیس مختیار

## ابراہیم حیدری سیکٹرعلی اکبرشاہ گوٹھ بن قاسم ٹاؤن اورخواستی بروہی گوٹھ (بفرزون) نارتھ ناظم آباد ٹاؤن

## خواستی بروہی گوٹھ یونٹ میں خواتین کی کارنرمیٹنگوں کے اجتماعات سے اظہارخیال

کراچی:۔۔۔17فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ہونیوالے جلسہ عام بااختیارعورت مضبوط پاکستان کے سلسلے میں کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے ابراہیم حیدری سیکٹرعلی اکبرشاہ گوٹھ بن قاسم ٹاؤن اورخواستی بروہی گوٹھ (بفرزون) نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں میں خواتین کی علیحدہ علیحدہ کارنرمیٹنگوں کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج و حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشورزہرا، رکن سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی ورکن سندھ اسمبلی ہیرسوہواور رکن سندھ اسمبلی آنسہ بلقیس مختار نے اظہارخیال کیا۔اس موقع پر کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدرودیگر کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے جبکہ خواستی بروہی گوٹھ یونٹ میں خواتین کی کارنرمیٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں رکن سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی وصوبائی اسمبلی سندھ محترمہ ہیرسوہو،حق پرست رکن سندھ اسمبلی زرین مجید،محترمہ بلقیس مختیار نے اظہارخیال کیا۔اس موقع پر کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم ، جوائنٹ انچارج عارف حیدر، کمیٹی کے دیگراراکین بھی موجود تھے۔کارنرمیٹنگوں کے اجتماعات میں قرب وجوار میں واقع گوٹھوں سے تعلق رکھنے والی سندھی ،بلوچ، بنگالی، کچھی اور بروہی کیمونٹی کی خواتین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔کارنرمیٹنگوں کے اجتماعات سے اظہارخیال کرتے ہوئے کہا کہ مقررین نے کہا کہ بانی وقائد تحریک الطاف حسین پاکستان کی وہ واحد شخصیت ہیں جنہوں نے خواتین کے حقوق کے لئے ہرفورم پرآواز بلند کی ،خواتین کے حقوق اوران کو معاشرے میں جائز مقام دلانے کے لئے ایم کیوایم نے بھرپور کردارادا کیا۔طالبان نے طالبانائزیشن کے نام پر خواتین پر بے انتہا ظلم ڈھائے ،اس وقت ان جنونی انتہاء پسند طالبان کے خوف سے پاکستان کے کسی لیڈر کو خواتین کے حق میں آواز بلند کرنے کی جرات نہیں ہوئی لیکن قائدتحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے طالبان کی جانب سے خواتین پر کئے جانے والے ظلم وبربیت پر نہ صرف آواز اٹھائی اور حکومت وقت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر خواتین پرظلم وتشدد بند کرانے کا مطالبہ کیا غرضیکہ کہ قائدتحریک الطاف حسین اورانکی جماعت متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جس نے خواتین کے حقوق سلب کرنے والوں کیخلاف نہ صرف آواز بلند کی بلکہ اسمبلیوں میں حقوق نسواں کا بل ہو،سندھ میں کاروکاری کا مسئلہ ہو ،پنجاب میں ونی کا مسئلہ ہو،بلوچستان میں بلوچ خواتین کا حکمران طبقہ کی جانب سے استحصال ہو،حکمران استحصالی طبقہ سے تعلق رکھنے والے سرمایہ دار کی جانب سے قوم کی بیٹی کی تذلیل کا واقعہ ہوغرض پاکستان میں خواتین کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پرصرف اورصرف قائدتحریک الطاف حسین نے آواز بلند کی ۔قائدتحریک الطاف حسین نے آج کی عورت کوشعور دیا ہے کہ اگر ملک کی عورت بااختیار ہوگی تو پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا ۔اسلام میں عورت کا مقام بہت بلند ہے اورایم کیوایم کے منشور میں بھی خواتین کو بھرپور نمائندگی دی گئی ہے،غرضیکہ پاکستان کی کسی بھی جماعت میں خواتین کو وہ مقام اورعزت حاصل نہیں ہے جوایم کیوایم میں ہے اورایم کیوایم سے تعلق رکھنے والی خواتین پارلیمنٹیرین خواتین کے مسائل کی نشاندہی کررہی ہیں۔خواتین کوان کے حقوق کے تحفظ اوران کی حفاظت کے لئے منظّم کرنے کی ضرورت ہے اورالطاف حسین نے مظلوم ومحکوم طبقہ سے تعلق رکھنے والی عورت کو بااختیار ہونے کا تصور دیا ہے اوراس مقصد کے لئے 19فروری بروزاتوارکو باغ جناح مزارقائد پرخواتین کا تاریخی جلسہ منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے جوایم کیوایم کی سیاسی جدوجہد میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا کہ الطاف حسین کی کارکن ماں بہن، بیٹی مردوں سے کسی طرح کم نہیں ہیں اور 19فروری کو منعقد ہونے والا جلسہ ملکی تاریخ میں تمام جلسوں کا ریکارڈ توڑ دے گا۔آخر میں اراکین اسمبلی نے کارنرمیٹنگ میں موجود خواتین کو 19فروری کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی کہ وہ جلسہ میں شرکت کرکے ثابت کردیں کہ تمام نسلی ولسانی ومذہبی اکائیوں سے تعلق رکھنے والی خواتین قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ ومنظّم ہیں اوروہ الطاف حسین کے شانہ بشانہ جدوجہد میں شامل ہوکر ملک پرقابض استحصالی ٹولہ سے چھٹکارہ حاصل کریں گے۔

## ایم کیوایم کے تحت 19 فروری کو ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں حق پرست خواتین اراکین پارلیمنٹرین کا اجلاس

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے شہر کے مختلف علاقوں میں قائم خواتین کے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیا

## جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت غازی آباد، اورنگی ٹاؤن اور ناصر کالونی میں خواتین کی کارنر میٹنگیں منعقد ہوئیں

کراچی ۔۔۔17 ،فروری 2012ء

ایم کیوایم کے زیراہتمام 19 فروری اتوار کو باغ جناح میں ''بااختیار عورت ،مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کا ایک اہم اجلاس گزشتہ روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ہوا جس میں حق پرست خواتین سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے شرکت کی ۔ اجلاس کی صدارت ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرا نے کی ۔ اجلاس میں باغ جناح میں ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں حق پرست خواتین اراکین پارلیمنٹرین نے اپنی اپنی کارکردگی رپورٹس بھی پیش کیں اور جلسہ عام کے حوالے سے خواتین میں پائے جانے والے جوش وخروش کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ کشور زہرا نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کی واحد شخصیت نے جنہوں نے بلاتفریق مذہب، رنگ ونسل، مسلک اور زبان کے صرف اور صرف مظلوموں کے حقوق کی آواز بلند کی ہے اور اس میں کسی قسم کی کوئی تفریق نہیں کی ۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کا کہنا ہے کہ مظلوم مظلوم ہے اور چاہے اس کا تعلق کسی بھی قومیت اور مذہب سے ہو اور یہی وجہ ہے کہ جناب الطاف حسین مظلوموں کے قائد کا رتبہ حاصل کر چکے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست خواتین اراکین پارلیمنٹرین پر زور دیا کہ وہ جلسہ عام کے سلسلے میں گھر گھر جا کر خواتین سے رابطہ کریں اور انہیں شرکت کی دعوت دیں ۔ دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ کشور زہرا، جوائنٹ انچارج محترمہ نائلہ لطیف، اراکین محترمہ شاجہاں، محترمہ صابرہ، محترمہ ریحانہ شاداب، محترمہ رابعہ جمال، محترمہ نور جہاں زیدی اور محترمہ نسیم محمد علی نے جلسہ عام کے سلسلے میں سوسائٹی، محمود آباد، اورنگی ٹاؤن، قصبہ علی گڑھ، شاہ فیصل، ملیر اور لانڈھی میں لگائے گئے خواتین کے کیمپوں کا دورہ کیا اور کیمپوں پر خواتین کی جانب سے سلائی مشینوں کے ذریعے ایم کیوایم کے پرچموں، دوپٹوں اور دیگر اشیاء کی تیاری کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے کیمپوں پر موجود خواتین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کیمپوں پر رابطہ کرنے والی خواتین کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت بھی دی ۔ علاوہ ازیں جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے زیراہتمام غازی آباد یوسی 6 کرسچن آبادی ، اورنگی ٹاؤن اور ناصر کالونی یوسی 07 کرسچن آبادی گڈاپ ٹاؤن میں خواتین کی کارنر میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا جن میں خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور باغ جناح ہونے والے جلسہ عام کا زبردست خیر مقدم کیا ۔ کارنر میٹنگوں سے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج بشپ جاوید انجم، اراکین گردھاری لعل، پطرس یوسف، عارف بھٹی، محترمہ شہزاد اور محترمہ منگلا شرما نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 19 فروری کو منعقد ہونے والا جلسہ عام خواتین کے حقوق کا ضامن ہوگا اور یہ دن خواتین کے خلاف فرسودہ اور خود ساختہ رسومات پر عمل پیرا ہونے والے عناصر کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ باغ جناح میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرائیں ۔

## بزنس کمیونٹی کے وفد کی خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## کراچی پاکستان کا معاشی حب اور معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، سید شمس برنی

## ایم کیوایم ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا کردار بہترین طریقے سے ادا کرتی رہے گی، ارکان رابطہ کمیٹی

## ملک کو درپیش اہم معاشی مسائل اور انکے حل پر باہمی تبادلہ خیال

کراچی ۔۔۔17 فروری ،2012ء

بزنس کمیونٹی کے ایک نمائندہ وفد نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی رضا ہارون اور وسیم آفتاب سے ملاقات کی ۔ وفد میں ملک کے معروف بزنس مین اور پاکستان اکنامک فورم کے چیئرمین سید شمس برنی، سینئر وائس چیئرمین محمد ارشد جمال اور وائس چیئرمین شرجیل جمال شامل تھے ۔ ملاقات میں وفد نے ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی تجاویزات پیش کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ملک کی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے کیونکہ کراچی پاکستان کا معاشی حب اور معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جو ملکی محصولات کی مد میں 75% حصہ ادا کرتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ کراچی میں ترقیاتی کاموں کے لیے مناسب فنڈ مختص کیے جائیں ۔ وفد نے امن وامان اور معیشت کی بحالی کے لیے ایم کیوایم کی کوششوں کو بھی سراہا۔ وفد نے بزنس کمیونٹیز کو درپیش مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مختلف جرائم پیشہ گینگ اور بھتہ مافیا کی جانب سے تاجر برادری کو ہراساں کرنے کا سلسلہ جاری ہے تاکہ کراچی کی معاشی سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا کی جا سکے اور بزنس مین

حضرات کو اپنا کاروبار دوسرے شہروں میں منتقل کرنے پر مجبور کیا جاسکے مگر ہم کسی کی دھونس دھمکی سے ڈر کر اپنا شہر چھوڑ کر بھاگنے والے نہیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ملک کی معاشی خوشحالی کے لیے بزنس کمیونٹی کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مثبت معاشی سرگرمیوں سے ہی ملک ترقی کی منازل طے کرتا ہے جسمیں تاجر برادری کا بہت اہم حصہ ہے۔ اراکین رابطہ کمیٹی نے بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لیے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ہمیشہ ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا کردار بہترین طریقے سے ادا کرتی رہے گی۔ اس موقع پر انچارج متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی شکیل عباسی اور جوائنٹ انچارج اظہار احمد خان بھی موجود تھے۔

## سید شاکر علی، جاوید کاظمی اور خالد بن ولایت کا ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میر پور خاص زون کے تحت لگائے مختلف کیمپوں کا دورہ
## حق پرست عوام ملک میں تبدیلی کیلئے الطاف حسین کے شانہ بشانہ عملی جدوجہد میں شامل ہو رہے ہیں، موقع پر موجود میڈیا سے گفتگو

میر پور خاص:۔۔۔17 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شاکر علی اور جاوید کاظمی نے حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت کے ہمراہ جمعہ کے روز میر پور خاص میں ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میر پور خاص زون کے تحت لگائے مختلف کیمپوں کا دورہ کر کے رکنیت سازی مہم کے کاموں کا بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، رکن سلیم معظم، میر پور خاص زونل کمیٹی کے انچارج عظیم دانش وار اکین کے علاوہ دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کی رکنیت سازی حاصل کرنے کے خوشمند افراد میں ایم کیو ایم کی جانب سے بنائے گئے ڈیٹا فارم تقسیم کیئے جبکہ بعض افراد کے فارم پرّ کرنے میں ان کی رہنمائی بھی کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ''پیغام حق'' کی صورت میں ملک کے گوشے گوشے میں جس تیزی سے پھیل رہا ہے اس کے دیکھتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ایک بار پھر ملک گیر سطح پر رکنیت سازی مہم کا آغاز کیا گیا ہے جس کے بہترین نتائج سامنے آرہے ہیں اور لوگ جوق در جوق ایم کیو ایم کے قائم رکنیت سازی کیمپوں پر رابطہ کر کے ایم کیو ایم کی رکنیت حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رکنیت سازی کے کیمپوں پر بزرگ، نوجوانوں، خواتین اور بچوں کے ساتھ بہت بڑی تعداد میں کالج اور یونیورسٹیوں کے طلبہ وطالبات کا رش اس بات کی دلیل ہے کہ عوام ملک میں تبدیلی کیلئے قائد تحریک لطاف حسین کی جدوجہد میں عملی طور پر شامل ہو کر ان کے شانہ بشانہ انقلاب کا حصہ بنا چاہتے ہیں۔ دریں اثناء انہوں نے میر پور خاص کے مختلف یونٹوں کا دورہ کیا اور یونٹ انچارجز وار اکین یونٹ کمیٹیوں سے ملاقات کر کے انہیں بہترین کارکردگی پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا اس سے قبل انہوں نے خواتین ونگ کے اجلاس میں شرکت کی اور خواتین کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے 19 فروری کے جلسہ ''بااختیار عورت......مضبوط پاکستان'' میں بھر پور شرکت کی دعوت دی۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم ملک بھر میں زور وشور سے جاری ہے اور اس سلسلے میں سکھر میں قائم کیمپوں پر زبردست گہما گہمی دیکھنے میں آئی جہاں عوام قطاروں میں لگ کر ایم کیو ایم کی رکنیت فارم حاصل اور جمع کروا رہے ہیں۔

## حضور اکرم ﷺ نے مساوات، اتحاد ویکجہتی کا درس دیا، آپ ﷺ کی حیات مبارکہ تمام انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے
## قائد تحریک ہر طبقے کی نمائندگی کرتے ہوئے انکے جائز حقوق کی بحالی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ چیئر مین اے پی ایم ایس او عبدالوہاب
## حیدرآباد سیکٹر کے تحت منعقدہ محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ سے سیکریٹری تعلیمی بورڈ شفیق احمد ودیگر مقررین کا خطاب

کراچی:۔۔۔17 فروری 2012

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین عبدالوہاب نے کہا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا جبکہ آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ تمام انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے حیدرآباد سیکٹر کے تحت گورنمنٹ ڈگری کالج لطیف آباد میں منعقدہ محفل ذکرِ مصطفیٰ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکریٹری ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ حیدرآباد شفیق احمد، اے پی ایم ایس او کے سیکریٹری جنرل توصیف اعجاز، پرنسپل ڈگری کالج عادل زئی، پرنسپل گورنمنٹ سٹی کالج حافظ عبدالباری، پرنسپل سندھ کالج آف کامرس شکیل احمد، مختلف کالجز کے اساتذہ وطلبہ اور حیدرآباد سیکٹر کے ذمے داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔ عبدالوہاب نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے خود حضورِ اکرم ﷺ کا ذکر بلند فرمایا ہے تو ایسا قطعی ممکن نہیں کہ کسی ایک محفل میں آپ ﷺ کا ذکر مکمل بیان ہوسکے، آپ ﷺ نے شخصی بنیادوں پر فوقیت دیے جانے کو ناپسند فرمایا اور آپس میں مساوات، اتحاد ویکجہتی کا درس دیا، آج مسلمانوں کی پستی کی وجہ حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل نہ کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف

حسین کی تعلیمات حقیقی معنوں میں حضور اکرم ﷺ کے خطبہ حجۃ الوداع مکمل پیروی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج متحدہ قومی موومنٹ میں پاکستان کی تمام لسانی اکائیوں، مذاہب اور فقہوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں، قائد تحریک الطاف حسین ہر طبقے کی نمائندگی کرتے ہوئے انکے جائز حقوق کی بحالی کے لیے جدوجہد کررہے ہیں۔قبل ازیں سیکریٹری تعلیمی بورڈ حیدرآباد شفیق احمد نے محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے حضور اکرم ﷺ کی شان اقدس پر روشنی ڈالی اور محفل کے شاندار انعقاد پر اے پی ایم ایس او کے ذمے داران کو مبارکباد بھی پیش کی۔محفلِ ذکر مصطفیٰ ﷺ کی محفل سے 20 سے زائد نعت خواں طلبہ نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں ہدیۂ نعت ﷺ پیش کیں۔

## الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بیرون ملک پاکستانیوں کے ووٹ کا حق تسیم کرنے پر محبان پاکستان کی طرف سے خیر مقدم

ریاض:۔۔۔17 فروری،2012ء

محبان پاکستان مڈل ایسٹ کو آرڈینیٹر شمشاد علی صدیقی نے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بیرون ملک پاکستانیوں کے ووٹ کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کی اصولی طور پر منظوری دینے کا خیر مقدم کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کا فیصلہ خوش آئند ہے اور سمندر پار پاکستانی اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے یہ مطالبہ بھی کرتے ہیں کہ تارکین وطن کو ووٹ کے حق کے ساتھ ساتھ ملکی پارلیمنٹ میں بھی مکمل نمائندگی دی جائے۔شمشاد صدیقی نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلہ سے بیرون ملک پاکستانیوں کا ایک دیرینا مطالبہ تسلیم کرلیا گیا ہے اسکے دورس نتائج برآمد ہونگے۔

☆☆☆☆☆